
57th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

**سنر اٹلی کی نمائندگی نہیں کریں گے**

چاروں گرینڈ سلام ایونٹس کے فائنل کھیلنے والے جینک سنر آئندہ ماہ ہونے والے ڈیوس کپ میں اٹلی کی نمائندگی نہیں کر سکیں گے، جس سے اٹلی کے مسلسل تیسرے ٹائٹل کے حصول میں مشکلات ہو سکتی ہیں سنر نے ہفتے کو سعودی عرب میں سکس کنگز سلیم نمائشی ایونٹ جیتا اور اب وہ اے ٹی پی فائنلز میں شرکت کریں گے۔(تفصیلات اندر)



**ڈینیئل نارودٹسکی چل بسے**

امریکی شطرنج کے مشہور گرینڈ ماسٹر اور آن لائن ٹریز ڈینیئل نارودٹسکی ۲۹ سال کی عمر میں اچانک وفات پا گئے ہیں۔ ان کے خاندان نے یہ خبر شارلٹ چیس سینٹر کے ذریعے جاری کی۔ خاندان نے بیان میں کہا کہ ڈینیئل ایک باصلاحیت شطرنج کھلاڑی، تبصرہ نگار اور استاد تھے، اور شطرنج کی کمیونٹی کے ایک عزیز رکن تھے۔(تفصیلات اندر)


www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 288 | صفحات : 08 | ۲۲ اکتوبر ۲۰۲۵ بروز بدھوار بمطابق ۲۸ ربیع الثانی ۱۴۴۷ | Wednesday 22nd October 2025 | جلد نمبر 57


## گاڑی سے سنگ مرمر اُتارتے ہوئے

## ایک مزدور چل بسا، ایک زخمی ہوا

سرینگر/ سی این آئی/ شمالی کشمیر کے ٹنگمرگ دیوان باغ علاقے میں ایک المناک حادثہ میں ٹرک سے سنگ مرمر اتارنے کے دوران ایک مزدور از جاں ہو گیا جبکہ دوسرا زخمی ہو گیا۔ سی این آئی کو نمائندے نے اس ضمن میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے ٹنگمرگ کے دیوان باغ علاقے میں اس وقت خوفناک حادثہ پیش آیا جب ٹرک سے اتارتے وقت سنگ مرمر کی بھاری چادریں گرنے سے مزدور کی موت ہو گئی جبکہ دوسرا زخمی/ 1

## آپریشن سندور کے دوران ہم نے ناانصافی کا بدلہ لیا/ وزیراعظم مودی

## تشدد کا راستہ چھوڑ کر بہت لوگ ترقی کے دھارے میں شامل، یہ قوم کیلئے بڑی کامیابی

سرینگر/ سی این آئی/ آپریشن سندور کے دوران بھارت نے نہ صرف انصاف کو برقرار رکھا بلکہ ناانصافی کا بدلہ بھی لیا کا اعلان کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت ایسے وقت میں استحکام کی علامت کے طور پر ابھرا ہے جب دنیا بحرانوں سے گھری ہوئی ہے۔ سی این آئی کے مطابق وزیراعظم نریندر مودی نے دیپاولی کے موقع پر ملک کے شہریوں کو ایک خط لکھا، جس میں آپریشن سندور کی کامیابیوں اور نکسل ازم کے خلاف لڑائی کو اجاگر کیا گیا اور کہا گیا کہ بھارت ایسے وقت میں استحکام کی علامت کے طور پر ابھرا ہے جب دنیا بحرانوں سے گھری ہوئی ہے۔ وزیراعظم نے اپنی حکومت کی تاریخی کامیابیوں میں سامان اور خدمات ٹیکس کی شرحوں کو کم کرنے کے فیصلے کو درج کیا اور کہا کہ شہری ''جی ایس ٹی بچات اتسو'' کے دوران ہزاروں کروڑ روپے کی بچت کر



رہے ہیں۔ انہوں نے شہریوں سے 'ایک بھارت، شریشٹھ بھارت' کے جذبے کو فروغ دینے، تمام زبانوں کا احترام کرنے، صحت کو ترجیح دینے اور یوگا کو اپنانے کے لیے سودیشی کو اپنانے پر زور دیا۔ مودی نے اپنے خط میں کہا ''یہ تمام کوششیں ہمیں تیزی سے وکست بھارت کی طرف لے جائیں گی۔'' وزیراعظم مودی نے اپنے خط میں کہا، جو انہوں نے دیسی ساختہ طیارہ بردار بحری جہاز آئی این ایس وکرانت پر بحریہ کے اہلکاروں/ 2




## لیفٹیننٹ گورنر کا جموں وکشمیر پولیس کے شہدأ کو خراجِ عقیدت پیش

## جموں وکشمیر پولیس کی اوّلین ترجیح اَپنی ڈیوٹی رہی ہے، پولیس میموریل میں تقریب سے خطاب

سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے زیون سری نگر میں پولیس میموریل میں منعقدہ تقریب میں پولیس یادگاری دِن کے موقعہ پر جموں وکشمیر پولیس کے شہدأ کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اُنہوں نے اَپنے خطاب میں کہا کہ جموں وکشمیر پولیس فرض شناسی، نظم وضبط، وفاداری اور بے لوث خدمت کی علامت ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ ہمارے بہادر پولیس اہلکاروں نے ہمیشہ قوم کی ترقی اور شہریوں کی زِندگی کو اَپنی جانوں پر ترجیح دی ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ''اُنہوں نے اَپنی جان کی قیمت پر بھی ترنگا بلند رکھا ہے۔'' اُنہوں نے جموں وکشمیر پولیس کے بہادر اہلکاروں اور اُن کے اہلِ خانہ کے تئیں دِل سے شکریہ اَدا کیا جنہوں نے شہریوں کی حفاظت اور قانون کی بالادستی کو برقرار رکھنے کے لئے عظیم خدمات انجام دی ہیں۔ منوج سِنہا نے کہا، ''دہشت گردی کے خلاف لڑائی، قوانین کو عملانا ہو، جرائم کی تحقیقات کرنا یا حالیہ آفاتِ سماوی جیسے ہنگامی حالات سے نمٹنا ہو، جموں وکشمیر پولیس کی اوّلین ترجیح ہمیشہ اَپنی ڈیوٹی رہی ہے۔'' اُنہوں نے مزید کہا کہ ترنگے سے گہری محبت ہی وہ بنیادی جذبہ ہے جو ہمارے بہادر پولیس اہلکاروں کو بھرپور لگن اور عزم کے ساتھ مادرِ وطن کی خدمت اور عظیم قربانیاں دینے پر آمادہ کرتا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا، ''ہمارے پولیس اہلکاروں کی تابناک وشاندار میراث زندہ ہے اور اُن کی عظیم قربانیاں آنے والی نسلوں کے لئے تحریک کا سرچشمہ ہیں تا کہ وہ ملک کی اعلیٰ اَقدار کو برقرار رکھ سکیں۔ جموں وکشمیر پولیس کو ہمیشہ دہشت گرد خطرات کے خاتمے کے لئے تیار رہنا چاہیے۔'' اُنہوں نے فوجداری نظام اِنصاف کے پانچ ستونوں پولیس، پراسیکیوشن، عدلیہ، فارنسک اور جیل پر زور دیا کہ وہ ترقی کے عمل میں سرگرم کردار ادا کریں اور سب کے لئے انصاف کو یقینی بنائیں۔ منوج سِنہا نے پولیس کے نظام کو مضبوط بنانے، منشیات کی سمگلنگ، نئے جرائم کے رُجحانات اور جھوٹے بیانیوں سے مؤثر طور پر نمٹنے کے لئے اختراع اور جدید ٹیکنالوجی اَپنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اُنہوں نے پولیس اہلکاروں اور اُن کے اہلِ خانہ کی فلاح و بہبود کے لئے اَپنے عزم کا اعادہ کیا۔ اُنہوں نے اِس بات کو اُجاگر کیا کہ جموں وکشمیر پولیس متعدد فلاحی پروگرام عملا رہی ہے تا کہ پولیس کے بہادر شہدأ کے اہلِ خانہ آرام اور وقار کی زِندگی گزار سکیں۔ ڈِی جی پی جموں وکشمیر پولیس/ 4



## عمر عبداللہ کی پولیس شہدا کی یادگار میں خصوصی تقریب کی قیادت

## خون کے عطیہ کیمپ کا معائنہ کیا جو تقریب کے ایک حصے کے طور پر قائم کیا گیا تھا



سرینگر/ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے زیون میں پولیس شہدأ کی یادگار میں ایک پُر وقار تقریب کی قیادت کی جس میں اُنہوں نے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا جنہوں نے اَپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ یہ تقریب پولیس یوم یادگار کے موقعہ پر منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا کی جو اِس موقعہ پر مہمانِ خصوصی تھے۔ وزیراعلیٰ کے ہمراہ کابینہ وزرأ سکینہ ایتو اور جاوید احمد ڈار کے علاوہ وزیراعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی بھی تھے۔ وزیراعلیٰ نے شہدأ کی جرأت اور عظیم قربانیوں کے اعتراف میں یادگار پر گُل دائرے چڑھائے۔ یادگاری تقریب میں متعدد اراکینِ قانون ساز اسمبلی/ 3

## PMGSY-IV کے تحت بارہمولہ میں 36 سڑک پروجیکٹوں کو منظوری

## مرکزی وزیر شیوراج سنگھ نے کیا جیل میں انجینئر رشید کو مطلع

سرینگر/ جے کے این ایس/ تہاڑ جیل میں مقید ممبر پارلیمنٹ انجینئر رشید کی جماعت عوامی اتحاد پارٹی کے ترجمان اعلیٰ انعام ان نبی نے اس اہم پیش رفت کا خیر مقدم کیا ہے جس میں دیہی ترقیات اور زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے جیل میں بند رکن پارلیمان بارہمولہ انجینئر رشید کو خط لکھا ہے اور انہیں مطلع کیا ہے کہ حکومت ہند نے IV-PMGSY کے تحت بارہمولہ پارلیمانی حلقے میں 36 سڑکوں کے پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے۔ سرکاری مواصلات کے مطابق، یہ پروجیکٹ 292.33 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے 136.69 کلومیٹر سڑک کے نیٹ ورک کا احاطہ کریں گے، جس سے حلقہ بھر میں 41 بستیوں کو رابطہ سڑکیں ملیں گی۔ انعام النبی نے کہا کہ یہ خط اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ کس طرح مساوی دیہی ترقی کے لیے انجینئر رشید کا وژن شمالی کشمیر میں ترقی کی راہنمائی کرتا رہتا ہے۔ غیر منصفانہ طور پر قید ہونے کے باوجود، ان کی ترقی کے نقوش نمایاں اور متاثر کن ہیں۔/ 10

## پارمپورہ سرینگر سڑک حادثہ میں تین افراد زخمی ہو گئے

سرینگر/ سری نگر کے پاریم پورہ علاقے میں منگل کی شام ایک موٹر سائیکل کو نامعلوم گاڑی نے ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں تین افراد زخمی ہو گئے، جن میں سے دو کی حالت نازک ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ زخمیوں کو فوری طور پر علاج کے لیے جے وی سی اسپتال بمنہ منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے ان میں سے دو کی حالت نازک بتائی ہے۔ زخمیوں کی شناخت رام پورہ چٹابل کے 22 سالہ عدنان لبرو کے طور پر کی گئی ہے، جسے متعدد زخم آئے ہیں اور اس کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ بمنہ کا 18 سالہ عثمان مہراج، جسے متعدد چوٹیں بھی آئیں لیکن ان کی حالت مستحکم بتائی جاتی ہے۔ اور ایک اور شخص جس کی شناخت فوری طور پر نہیں ہو سکی۔ تیسرے زخمی کی حالت بھی تشویشناک/ 9

## ککر بازار، کورٹ روڈ اور ریگل چوک سمیت اہم مقامات پر تلاشیاں

## چیک معمول کے ہیں لیکن امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے ضروری ہیں/ پولیس



سرینگر/ جے کے این ایس/ سرینگر پولیس نے سیکورٹی الرٹ کے درمیان لال چوک میں اچانک چیکنگ کی۔ جے کے این ایس کے مطابق حکام نے بتایا کہ یہ کارروائیاں ککر بازار، کورٹ روڈ اور ریگل چوک کے علاقوں سمیت اہم مقامات پر کی گئیں جہاں دن بھر پیدل چلنے والوں اور گاڑیوں کی آمدورفت دیکھنے میں آتی ہے۔ سری نگر پولیس نے منگل کو لال چوک اور اس کے آس پاس متعدد پرہجوم مقامات پر اچانک تلاشی مہم چلائی۔ پولیس نے کہا کہ اس مشق کا مقصد شہر کے تجارتی مرکز میں سخت چوکسی برقرار رکھنا اور/ 8

## فتح کدل کے ایک گنجان علاقہ میں شبانہ آگ سے 7 مکانات نذر آتش

## 10 فائر ٹینڈرس کی کارروائیوں کے باوجود آگ فوری طور بجھ نہ سکی

سرینگر/ یو این آئی/ سرینگر کی گنجان آبادی والے علاقے فتح کدل میں دوران شب آتشزدگی کی ایک ہولناک واقعے میں کم سے کم 7 رہائشی مکان خاکستر ہو گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ سری نگر کے فتح کدل علاقے میں رات کے قریب 11 بجے ایک رہائشی مکان میں آگ لگ گئی جس کے شعلوں نے متصل واقع ڈھانچوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور ان شعلوں اور دھویں کو دور دور سے دیکھا جا سکتا تھا۔ محکمہ فائر اینڈ ایمرجنسی سروس کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ آتشزدگی کے بارے میں اطلاع موصول ہوتے ہی مختلف فائر اسٹیشنوں سے 10 فائر ٹنڈرس کو جائے موقع پر بھیج دیا گیا جنہوں نے سخت محنت کر کے آگ کو قابو میں کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ اس حادثہ میں کم سے کم 6 رہائشی مکانوں کو شدید نقصان پہنچا۔ ان کا کہنا ہے کہ آگ لگنے کی وجوہات معلوم کی جا رہی ہیں تاہم اس میں کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے۔/ 5

## چوری شدہ سیب برآمد ہونے کے ساتھ ساتھ آٹو بھی ضبط

## شوپیاں میں چوری کا معاملہ حل، دو ملزم گرفتار، پولیس کا دعویٰ

سرینگر/ یو این آئی/ سماجی جرائم کے خلاف کارروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیاں میں چوری کے ایک معاملے کو 24 گھنٹوں کے اندر ہی حل کر کے 2 ملزموں کو گرفتار کیا ہے اور مسروقہ مال کو برآمد کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں بتایا کہ پولیس اسٹیشن امام صاحب میں نذیر احمد گنائی ساکن ڈی کے پورہ کی تحریری شکایت پر ایک ایف آئی آر زیر نمبر 31/2025 درج کیا گیا اور شکایت میں کہا گیا کہ دوران شب کچھ نامعلوم افراد نے ان کے گھر کے احاطے سے متعدد سیب کے کریٹ چوری کر لئے۔ انہوں نے کہا کہ شکایت موصول ہونے پر ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی گئی اور باریک بینی سے کی گئی تفتیش اور تکنیکی تجزیے کے ذریعے ٹیم نے چوری میں ملوث دو ملزموں کی شناخت کر کے ان کو گرفتار کیا۔ ملزموں کی شناخت محمد الطاف بخشی ولد محمد افضل بخشی ساکن رنبیر پورہ کہری بل مٹن انت ناگ اور عادل گلزار گنائی ولد گلزار احمد گنائی ساکن چی انت ناگ کے طور پر کی گئی ہے۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ تحقیقات کے دوران چوری شدہ سیب کے کریٹ اور وہ آٹو لوڈ کیریئر جو واردات/ 6

## جموں کے گھنے جنگلات میں غیر ملکی دہشت گردوں کی موجودگی بڑا چیلنج

## روزانہ کی بنیاد پر 100 سے زائد انسداد دہشت گردی آپریشنز کرنا ناگزیر/ آئی جی پی جموں

سرینگر/ جے کے این ایس/ جموں ڈویژن میں روزانہ کی بنیاد پر 100 سے زائد انسداد دہشت گردی آپریشنز پر زور دیتے ہوئے جموں وکشمیر پولیس کے ایک اعلیٰ افسر نے منگل کو کہا کہ گھنے جنگلات میں غیر ملکی دہشت گردوں کی موجودگی ایک بڑا چیلنج ہے اور انہیں بے اثر کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ جے کے این ایس کے مطابق جموں زون کے انسپکٹر جنرل آف پولیس، بھیم سین توتی پولیس یادگاری دن کے موقع پر ملک کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے والے بہادروں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے جموں ریلوے اسٹیشن کے قریب پولیس شہداء کی یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھانے کی تقریب کی قیادت کرنے کے بعد میڈیا سے بات کر رہے تھے۔ جموں پولیس کے سربراہ نے کہا کہ گزشتہ 2 سالوں سے، غیر ملکی دہشت گرد (جموں میں) ایک بڑا چیلنج رہے ہیں۔ لیکن ہم اپنے انسداد دہشت گردی اور سرحدی تحفظ کے گرڈ کو مضبوط کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ جلد ہی ہم جنگلاتی علاقوں میں چھپے ہوئے غیر ملکی/ 11

## سردیوں میں آگ سے بچاو کیلئے ہر خاص وعام کو احتیاط برتنے کی تلقین

## تنگ گلیاں اور کھڑی گاڑیاں جیسے چیلنجز اکثر آگ بجھانے کی کوششوں میں رکاوٹیں پیدا کرتی ہیں/ ماہرین

سرینگر/ سی این آئی/ محکمہ فائر اینڈ ایمرجنسی سروس کی جانب سے بار بار آگ سے بچاؤ کیلئے جاری ہونی والی ایڈوائزری کے باوجود بھی سال رواں میں وادی کے شمال و جنوب میں تباہ کن واقعات میں سینکڑوں کنبے بے گھر ہو گئے جبکہ کروڑوں روپے مالیت کا سامان راکھ کی ڈھیر میں تبدیل ہو گیا ہے۔ سی این آئی کے مطابق وادی کشمیر میں سال رواں کے دوران آتشزدگی کے واقعات میں بے حد اضافہ درج ہو گیا ہے جس دوران رہائشی، تجارتی اور یہاں تک کہ جنگلاتی علاقوں میں تباہی کا سامنا کرنا پڑا۔ حکام کا کہنا ہے کہ سال 2025 میں لگنے والی آگ کی تعداد اور شدت نے ایک بار پھر سردیوں کے سخت ماہ کے دوران فرسودہ انفراسٹرکچر، تنگ رسائی گلیوں اور غیر محفوظ حرارتی طریقوں سے جڑی گہری جڑوں کو بے نقاب کیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ صرف اس سال کے پہلے ماہ میں، خطے میں آتشزدگی کے 41 واقعات رپورٹ ہوئے، جن میں سے نو سرینگر شہر میں ہوئے۔ حکام نے کہا کہ اگرچہ سال 2025 کے نقصانات کے صحیح اعداد وشمار ابھی بھی مرتب کیے جا رہے ہیں، لیکن اس سے ہونے والا نقصان کئی کروڑ روپے میں ہے۔ زیادہ تر واقعات گنجان آباد علاقوں میں پیش آئے ہیں جہاں لکڑی کے ڈھانچے کا غلبہ ہے، جس سے آگ کے شعلے تیزی سے پھیلتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سال رواں میں بڑے واقعات میں مارچ میں بارہمولہ کے جلال صاحب علاقے میں ایک زبردست آتشزدگی تھی جس میں 21 سے زیادہ مکانات جل گئے اور 33 خاندان بے گھر ہو گئے۔ انت ناگ کے کڈی پورہ علاقے میں بھی اسی طرح کی آگ نے چند گھنٹوں کے اندر 40 سے زیادہ مکانات کو تباہ کر دیا۔ اس سال سرینگر شہر میں آگ لگنے کے درجنوں واقعات پیش آئے اور زیادہ تر واقعات کی وجہ شارٹ سرکٹ کو قرار دیا گیا۔ محکمہ فائر اینڈ ایمرجنسی سروس کے عہدیداروں نے کہا کہ جبکہ ان کی ٹیمیں فوری طور پر جواب دیتی ہیں، تنگ گلیاں، گنجان شہری ترتیب اور کھڑی گاڑیاں جیسے چیلنجز اکثر آگ بجھانے کی/ 12

## نیشنل پولیس میموریل نئی دہلی میں پولیس یادگاری دن کے موقعہ پر خاص پروگرام

## وزیراعظم مودی، وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ کے پیغامات







سری نگر: ۲۱، اکتوبر: جے کے این ایس: وزیراعظم نریندر مودی نے منگل کو پولیس یادگاری دن کے موقع پر ہندوستان کے پولیس اہلکاروں کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کیا، ملک کی حفاظت اور سلامتی کو برقرار رکھنے میں ان کی ہمت، لگن اور قربانیوں کی تعریف کی۔ اس دوران مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اور وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے بھی قومی پولیس یادگاری دن کے موقعہ پر ڈیوٹی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے افسروں اور جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیساتھ ساتھ اس دن کے حوالے سے پولیس اہلکاروں کو مبارکباد پیش کی۔ جے کے این ایس کے مطابق 21 اکتوبر 1959 کو، لداخ کے ہاٹ اسپرنگس میں بھاری ہتھیاروں سے لیس چینی فوجیوں کی طرف سے گھات لگائے گئے حملے میں 10 بہادر پولیس اہلکاروں نے اپنی جانیں قربان کیں۔ تب سے ہر سال 21 اکتوبر کو پورے ملک میں قومی سطح پر پولیس یادگاری دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن ملک کی تمام ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں میں خصوصی تقاریب کا اہتمام کر کے ڈیوٹی کے دوران جاں بحق ہونے والے پولیس افسروں اور خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے۔ 21 اکتوبر 2025 کو جموں وکشمیر سمیت/ 7

